PAK-QATAR
FAMILY TAKAFUL

# NOTICE OF THE 20TH ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 20th Annual General Meeting (AGM) of Pak-Qatar Family Takaful Limited will be held on 30th April 2026 at 12:00 Noon at Ballroom B, Ground Floor, Pearl Continental Hotel, Club Road. Opposite PIDC, Civil Lines, Karachi as well as through Video Conferencing facility to transact the following business:

**Ordinary Business**

1. To confirm the minutes of 19th Annual General Meeting held on 30th April 2025 and minutes of EOGM held on 29th May 2025.
2. To receive, consider and adopt the audited financial statements of the Company for the year ended 31st December 2025, together with the Directors' and Auditors' Reports thereon.
3. To approve a cash dividend @ 10% i.e., Re. 1 per share for the year ended 31st December 2025 as recommended by Board of Directors.
4. To appoint auditors of the Company for the year ending 31st December 2026 and to fix their remuneration. The present Auditors, M/S Yousuf Adil, Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for re-appointment.

**Special Business**

5. **Transmission of Annual Accounts through QR enabled Code and Weblink.**
   To consider and if thought fit to pass with or without modification the following as an Ordinary Resolution:
   a) **"RESOLVED THAT** in accordance with the Companies Act, 2017 and the Securities and Exchange Commission of Pakistan Notification S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the approval of the shareholders is hereby required and sought to allow the Company to share its Annual Audited Financial Statements, including the Directors' Report and Auditors' Report, with shareholders through a QR code and website link instead of sending printed copies to all shareholders."
   b) **"FURTHER RESOLVED THAT** the Company Secretary be and is hereby authorized to do all necessary acts, deeds and things to give effect to this resolution".
6. To consider and if thought appropriate, to pass with or without modification, the following resolutions as special resolutions:
   **Amendments in the Articles of Association of Pak-Qatar Family Takaful Ltd.**
   Consequent upon listing of Pak-Qatar Family Takaful Ltd. on the Pakistan Stock Exchange, and in order to align the Articles of Association of the Company with the applicable provisions of the Companies Act, 2017 and the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, the Articles of Association of the Company be and are hereby amended as under:
   Amendment in Clause 51 of the Articles of Association (Quorum of General Meeting)
   Clause 51 of the Articles of Association of the Company presently provides that "the quorum of the general meeting shall be two members present personally, or through video-link who represent not less than twenty-five percent of the total voting power, either of their own account or as proxies".
   In terms of section 135 of the Companies Act, 2017, the quorum of a general meeting of a public listed company, unless the Articles provide for a larger number, shall be not less than ten members present personally or through video-link who represent not less than twenty-five percent of the total voting power.
   a) RESOLVED THAT Clause 51 of the Articles of Association of the Company be and is hereby amended to read as follows:
   "The quorum of the general meeting shall be ten members present personally, or through video-link who represent not less than twenty-five percent of the total voting power, either of their own account or as proxies."
   Clause 72 of the Articles of Association of the Company presently provides that "the number of directors to be elected in accordance with the provisions of the Act shall not be less than three and more than twelve".
   In terms of Section 154(d) of the Companies Act, 2017, the minimum number of directors of a listed company shall not be less than seven.
   b) RESOLVED THAT Clause 72 of the Articles of Association of the Company be and is hereby amended to read as follows:
   "The number of directors to be elected in accordance with the provisions of the Companies Act, 2017 shall not be less than seven."
7. To transact any other business with the permission of the chair.

By Order of the Board,

**Company Secretary**

**Dated: 9th April 2026**
Place: Karachi

**Notes:**

1. **Book Closure**
   The Share Transfer Books of the Company will remain closed from 23rd April 2026 to 30th April 2026 (both days inclusive). Transfers received in order by the Company's Share Registrar, M/S CDC Share Registrar Services Ltd, CDC House, 99-B, Block "B", S.M.C.H, Main Shahrah-e-Faisal Karachi-74400 by the close of business on 22nd April-2026 will be considered in time for registration in the name of transferees and be eligible to attend and vote at the meeting.
2. **Appointing Proxies**
   a. A member entitled to attend and vote at the meeting is also entitled to appoint another member as proxy to attend and vote on his/her behalf. In case of corporate entity, being a member, may appoint as its proxy any of its official or any other person, through BOD Resolution/ Power of Attorney. The instrument appointing proxy must receive at the Registered office of the Company: Suit 101-105, Business Arcade, Block 6, PECHS Shahra-e-Faisal or at its Share Registrar or through email at company.secretary@pakqatar.com.pk not less than 48 hours before the time of meeting. Copy of resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.
   b. CDC Account Holders, while appointing proxies, will follow the prescribed guidelines as under:
      I. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
      II. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and proxy shall be furnished with the proxy form.
      III. The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the AGM.
      IV. In case of corporate entity, the Board of Director's Resolution/ Power of Attorney with specimen signature and an attested copy of the valid CNIC of the person nominated to represent and vote on behalf of the corporate entity, shall be submitted along with proxy form to the company.
      V. A blank proxy form is enclosed with the notice.
3. **Change of Address**
   Members having physical shareholding are requested to notify any change in their addresses immediately at Share Registrar, CDC Share Registrar Services Ltd. Whereas, CDC account holders can contact their respective CDS participant/Broker/Investor Accounts Services.
4. **Deduction of Income Tax**
   As per the provisions of Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Ordinance") different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the companies. The Current withholding tax rates are as under:
   (a) For the persons whose names are appearing on ATL: 15%
   (b) For the persons whose names are not appearing on ATL: 30%
   All the shareholders whose names are not entered into the Active Tax Payer list (ATL) provided on the website of the Federal Board of Revenue (FBR), despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL before the date of payment of dividend, otherwise tax on their Dividend will be deducted @ 30% instead of @ 15%.
   The corporate shareholders having CDC account are required to have their National Tax Number updated with their respective participants, where corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificates to the Company or Company's Share Registrar, CDC Share Registrar Services Ltd.
   The shareholders while sending NTN or NTN certificate, as the case may be, must quote Company Name and their respective Folio Number.
   As per FBR clarification, the valid Exemption Certificate under Section 159 of the Ordinance is mandatory to claim exemption of withholding tax under clause 47B of Part IV of Second Schedule to the Ordinance. Those who fail in the category mentioned in the above clause must provide Valid Tax Exemption Certificate to our Share Registrar, otherwise tax will be deducted on dividend amount as per rates prescribed in Section 150 of the Ordinance.
   For Shareholders holding their shares jointly, as per the clarification by the FBR, withholding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer's status of principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions. All shareholders who hold shares jointly are therefore requested to provide shareholding proportions of principal shareholder and joint holder(s) in respect of shares held by them to the share registrar and shares transfer agent in writing as follows:

| Folio/ CDC Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder (s) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name & CNIC | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name & CNIC | Shareholding Proportion (No. of Shares) |

5. **Electronic Dividend Mandate**
   Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017 it is mandatory for a listed company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into bank account designated by the entitled shareholders.
   In order to receive dividend directly into bank account, shareholders are requested to provide details of the bank mandate specifying: Title of Account, Account Number, Bank Name, Branch Name and Code, IBAN Number. In the event of non-receipt or incorrect submission of International Bank Account Number (IBAN) and related particulars, or non-availability of CNIC, the Company shall withhold the cash dividend of such members in accordance with Section 242 of the Companies Act, 2017.
   Shareholders holding physical shares are requested to open a CDC account and convert their holdings into book-entry form. Please submit duly signed information and CNIC copy to M/s CDC Share Registrar Services Limited.
6. **Zakat Declaration**
   Members of the Company are requested to submit Zakat exemption declarations, in accordance with the Zakat and Ushr Ordinance, 1980, to the Share Registrar, M/S CDC Share Registrar Services Ltd, where applicable.
7. **Participation Through Video Conferencing Facility**
   The shareholders can also participate in the AGM proceeding via video link. Those members who are willing to attend and participate in the AGM via video link are requested to register themselves by sending an email along with following particulars and valid copy of both side CNIC at company.secretary@pakqatar.com.pk with subject of "Registration for AGM" not less than 48 hours before the time of the meeting:

| Name of Shareholder | CNIC No. | Folio No./CDC Account No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

   Members who will be registered, after necessary verification as per the above requirement, will be provided a password protected video link by the company via email. The said link will remain open from 10:45 AM on the date of AGM till the end of the meeting.
8. **Procedure for E-Voting**
   Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations 2018, members are allowed to exercise their right to vote through Electronic Voting Facility for all businesses classified as Special Business. Details of E-Voting facility will be shared through email with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, Cell numbers and email addresses available with the Company by the close of business on 23rd April, 2026.
   The web address, login details, will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS from web portal of CDC Share Registrar Services Limited (being the e-voting service provider).
   Identity of the shareholders intending to cast vote through e-Voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.
   E-voting lines will open from 27th April 2026 at 9:00 AM and shall be closed on 29th April 2026 at 5.00 PM. Members can cast their votes any time during this period. A vote once cast by a member will not be allowed to be changed.
9. **Prohibition of Gift**
   Members are respectfully informed that, in accordance with section 185 of the Companies Act, 2017 and SECP S.R.O.452(I)/2025 dated March 17, 2025 companies are not permitted to offer gifts or incentives, including tokens, coupons, or any other similar items, to shareholders at or in connection with general meetings.
10. **Notice Under Ultimate Beneficial Ownership (UBO)**
    In pursuant to section 123A of the Companies Act, 2017 ("the Act") and Regulations 48A of the Companies Regulations, 2024 ("the Regulations"), a company shall take reasonable measure to identify and obtain the the information of its ultimate beneficial owners. As per the procedure prescribed under the aforesaid regulations, any shareholder who falls in these criteria of Ultimate Beneficial Owner, (holds 25% holding or voting power directly or indirectly in the company inform the Company at company.secretary@pakqatar.com.pk with full name, CNIC number and Folio number/ CDC participant ID number along with the details of holding/voting powers or stake in the company or in any associated companies.
11. **Procedure of voting through Postal Ballot**
    Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations 2018, members are allowed to exercise their vote by post for business classified as special business.
    Intending shareholders shall ensure that attached dully filled-in and signed Ballot Paper, along with a copy of valid CNIC, reach the Chairman of the meeting through post at Company's registered address, Pak-Qatar Family Takaful Ltd, Suit-101-105, Business Arcade, Block 6, PECHS, Shahrah-e-Faisal Karachi by 29th April, 2026. Or e-mail at company.secretary@pakqatar.com.pk on or before the date during working hours. The signature on the ballot paper shall match the signature on the CNIC.

## STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

**Agenda Item Number 5**

The Board of Directors of Pak-Qatar Family Takaful Ltd, in its meeting held on 8 April 2026, has recommended, subject to approval of the shareholders in the General Meeting, the transmission of the Annual Audited Financial Statements of the Company, together with the Directors' Report, Auditors' Report and other documents forming part of the Annual Report, through a QR-enabled code and weblink.

This proposal is in accordance with the permission granted by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide S.R.O. 389(I)/2023 dated 21 March 2023, issued under sections 223(6), 223(7) and 510(1) of the Companies Act, 2017, which allows listed companies to circulate annual audited financial statements to their members through QR-enabled code and weblink, subject to fulfillment of prescribed conditions.

Accordingly, the Notice of Annual General Meeting shall be dispatched to members at their registered addresses and shall contain the QR-enabled code and the weblink through which the members may view and download the Annual Audited Financial Statements and related documents.

Further, in line with the aforesaid SECP notification, the Company shall circulate the Annual Audited Financial Statements through email, where an email address has been provided by the member to the Company, without requiring separate consent of the member.

Notwithstanding the above, the Company shall, free of cost, dispatch the complete set of Annual Audited Financial Statements and related documents in hard copy to any shareholder at their registered address within one week of receipt of a request made by the member. Such request may be submitted to the Company at company.secretary@pakqatar.com.pk

In view of technological advancements and obsolescence of old media, the circulation of Annual Audited Financial Statements through CD/DVD/USB shall be discontinued.

The Board of Directors believes that the proposed mode of circulation enhances efficiency, improves timely access to information, reduces environmental impact, and is in the best interest of the Company and its shareholders.

Below is the link for view and download of Annual Accounts of the Company:

- **Weblink:** https://pqftl.com.pk/annual-report/
- **QR Code:**

**Agenda Item Number 6**

Since Pak-Qatar Family Takaful Ltd has now been listed on the Pakistan Stock Exchange Limited, the Articles of Association of the Company are required to be amended to ensure compliance with the applicable provisions of the Companies Act, 2017 and the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.

Accordingly, the Board of Directors has proposed two amendments in the Articles of Association of the Company, relating to:

1. The quorum of a general meeting, in order to align it with the minimum quorum requirements prescribed for a listed company under the Companies Act, 2017; and
2. The minimum number of directors, to ensure compliance with the governance requirements applicable to the Companies Act, 2017 and under the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.

The proposed amendments are being placed before the members for approval by way of Special Resolutions, as required under the Companies Act, 2017.

The Board of Directors is of the view that the proposed amendments are necessary to ensure statutory compliance and are in the best interest of the Company and its shareholders.

## BALLOT PAPER FOR VOTING THROUGH POST

| | |
|---|---|
| Name of shareholder/joint shareholders | |
| Registered Address | |
| Number of shares held and folio number | |
| CNIC Number (copy to be attached) | |
| | |
| Additional Information and enclosures (In case of representative of body corporate, corporation and Federal Government.) | |

1. Please indicate your vote by ticking (√) the relevant box.
2. In case if both the boxes are marked as (√), your poll shall be treated as **"Rejected"**.
3. I/we hereby exercise my/our vote in respect of the following resolutions through postal ballot by conveying my/our assent or dissent to the following resolution by placing tick (√) mark in the appropriate box below:

| Sr. No. | Nature and Description of resolutions | No. of ordinary shares for which votes cast | I/We assent to the Resolutions (FOR) | I/We dissent to the Resolutions (AGAINST) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | **Agenda Item Number 5**<br>**a) RESOLVED THAT** in accordance with the Companies Act, 2017 and the Securities and Exchange Commission of Pakistan Notification S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the **approval of the shareholders is hereby required and sought** to allow the Company to share its Annual Audited Financial Statements, including the Directors' Report and Auditors' Report, with shareholders through a QR code and website link instead of sending printed copies to all shareholders."<br>**b) FURTHER RESOLVED THAT** the Company Secretary be and is hereby authorized to do all necessary acts, deeds and things to give effect to this resolution. | | | |
| 2 | **Agenda Item Number 6**<br>**a) RESOLVED THAT** Clause 51 of the Articles of Association of the Company be and is hereby amended to read as follows:<br>"The quorum of the general meeting shall be ten members present personally, or through video-link who represent not less than twenty-five percent of the total voting power, either of their own account or as proxies." | | | |
| 3 | **Agenda Item Number 6**<br>**b) RESOLVED THAT** Clause 72 of the Articles of Association of the Company be and is hereby amended to read as follows:<br>"The number of directors to be elected in accordance with the provisions of the Companies Act, 2017 shall not be less than seven." | | | |

Signature of shareholder(s) Place:
Date:

**INSTRUCTIONS**

1. Dully filled ballot paper should be sent to the Chairman of the meeting at Suit 101-105, Business Arcade, Block 6, PECHS, Shahrah-e-Faisal, Karachi or through email at: **company.secretary@pakqatar.com.pk**

2. Copy of CNIC/ Passport (in case of foreigner) should be enclosed with the postal ballot form.

3. Ballot paper should reach the Chairman within business hours by or before Wednesday, April 29, 2026. Any postal ballot received after this date, will not be considered for voting.

4. Signature on ballot paper should match with signature on CNIC/ Passport (In case of foreigner).

5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written poll paper will be rejected.

6. In case of a representative of a body corporate, corporation or Federal Government, the Ballot Paper Form must be accompanied by a copy of the CNIC of an authorized person, an attested copy of Board Resolution, / Power of Attorney, / Authorization Letter etc., in accordance with Section(s) 138 or 139 of the Companies Act, 2017 as applicable.

7. Ballot Paper form has also been placed on the website of the Company at https://pqftl.com.pk/notice-and-certificate/. Members may download the ballot paper from the website.

پاک قطر
فیملی تکافل

# اطلاع برائے 20واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ کا 20واں سالانہ اجلاس عام (AGM) بروز جمعرات، بتاریخ 30 اپریل 2026، دوپہر 12:00 بجے، بمقام بال روم بی، گراؤنڈ فلور، پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، کلب روڈ، بالمقابل پی آئی ڈی سی، سول لائنز، کراچی میں منعقد ہوگا، نیز ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے بھی شرکت کی جاسکے گی، جس میں درج ذیل کارروائی عمل میں لائی جائے گی:

**عمومی کارروائی**

1۔ 19واں اجلاس عام منعقدہ 30 اپریل 2025 اور غیر معمولی اجلاس منعقدہ 29 مئی 2025 کے نکات کی توثیق کرنا۔

2۔ کمپنی کے 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں، بشمول ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ، وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور انہیں منظور کرنا۔

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق، 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے 10 فیصد نقد منافع یعنی فی شیئر 1 روپیہ کی منظوری دینا۔

4۔ 31 دسمبر 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کا معاوضہ مقرر کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز یوسف عادل، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جو دوبارہ تقرری کے اہل ہیں، نے اپنی خدمات دوبارہ پیش کرنے کے لیے آمادگی ظاہر کی ہے۔

**خصوصی کارروائی**

**5۔ سالانہ اکاؤنٹس کی ترسیل بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک**

اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قرارداد کو بغیر ترمیم یا ترمیم کے ساتھ ایک عام قرارداد کے طور پر منظور کرنا:

(الف)۔ ''**یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** کمپنیز ایکٹ، 2017 اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن ایس آر او 2023/(I)389 مؤرخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق، **شیئر ہولڈرز کی منظوری** سے کمپنی کو یہ اجازت دی جائے کہ وہ اپنی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی رپورٹ، بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس، تمام شیئر ہولڈرز کو مطبوعہ نقول بھیجنے کے بجائے QR کوڈ اور ویب سائٹ لنک کے ذریعے فراہم کرے۔''

(ب)۔ ''**مزید یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** کمپنی سیکریٹری کو اس قرارداد پر عمل درآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات، افعال اور کارروائیاں کرنے کا مکمل اختیار دیا جاتا ہے۔''

**6۔** اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قراردادوں کو بغیر ترمیم یا ترمیم کے ساتھ **خصوصی قراردادوں** کے طور پر منظور کرنا:

**کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم**

''**پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ** کے **پاکستان اسٹاک ایکسچینج** میں لسٹ ہونے کے نتیجے میں اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو **کمپنیز ایکٹ، 2017** اور **لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019** کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے، کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں درج ذیل ترامیم کی جائیں'':

آرٹیکل 51 میں ترمیم (اجلاس عام کے لیے کورم)

کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا موجودہ آرٹیکل 51 یہ بیان کرتا ہے کہ: ''اجلاس عام کے لیے کورم دو اراکین پر مشتمل ہوگا، جو ذاتی طور پر یا ویڈیو لنک کے ذریعے موجود ہوں، اور جو مجموعی ووٹنگ پاور کے کم از کم 25 فیصد کی نمائندگی کرتے ہوں، خواہ وہ بذاتِ خود ہوں یا بطور پراکسی۔''

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 135** کے مطابق، کسی **پبلک لسٹڈ کمپنی** کے اجلاس عام کے لیے کورم (جب تک کہ آرٹیکلز میں اس سے زیادہ تعداد مقرر نہ کی گئی ہو) **دس اراکین سے کم نہ ہو**، جو ذاتی طور پر یا ویڈیو لنک کے ذریعے موجود ہوں اور مجموعی ووٹنگ پاور کے کم از کم 25 فیصد کی نمائندگی کرتے ہوں۔

**(الف)۔ لہٰذا یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 51 مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ تبدیل کیا جائے:

''اجلاس عام کے لیے کورم دس اراکین پر مشتمل ہوگا، جو ذاتی طور پر یا ویڈیو لنک کے ذریعے موجود ہوں اور جو مجموعی ووٹنگ پاور کے کم از کم 25 فیصد کی نمائندگی کرتے ہوں، خواہ وہ بذاتِ خود ہوں یا بطور پراکسی۔''

کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 72 اس وقت یہ بیان کرتا ہے کہ: ''ایکٹ کی دفعات کے مطابق منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد تین سے کم اور بارہ سے زیادہ نہیں ہوگی۔''

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (d)154** کے مطابق، کسی لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹرز کی کم از کم **تعداد سات سے کم نہیں ہوگی۔**

**(ب)۔ لہٰذا یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 72 مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ تبدیل کیا جائے:

''کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات کے مطابق منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات سے کم نہیں ہوگی۔''

7۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی اور کارروائی عمل میں لانا۔

بورڈ کے حکم سے

کمپنی سیکریٹری

**مؤرخہ: 9 اپریل 2026**

**بمقام: کراچی**

**نوٹس:**

**1۔ بکس کی بندش**

کمپنی کے شیئر ٹرانسفر بکس بروز 23 اپریل 2026 سے 30 اپریل 2026 تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گے۔

وہ شیئر ٹرانسفرز جو 22 اپریل 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کو مکمل اور درست حالت میں موصول ہو جائیں گے، انہیں بروقت تصور کیا جائے گا، اور ایسے منتقل شدہ شیئرز نئے مالکان کے نام پر رجسٹر ہوسکیں گے، جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہوں گے۔

**2۔ پراکسی (نائب) کی تقرری**

(الف) کوئی بھی رکن جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کا اہل ہو، وہ کسی دوسرے رکن کو اپنا پراکسی (نائب) مقرر کرسکتا ہے تاکہ وہ اس کی جانب سے اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کرسکے۔ کارپوریٹ ادارہ، بطور رکن، اپنے کسی افسر یا کسی اور فرد کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کے ذریعے بطور پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی مقرر کرنے کا تحریری ثبوت اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس: سوئٹ نمبر 105-101 بزنس آرکیڈ، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس شاہراہ فیصل، کراچی یا اس کے شیئر رجسٹرار کو یا بذریعہ ای میل company.secretary@pakqatar.com.pk پر موصول ہو جانا چاہیے۔ بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کی نقل، نامزد فرد کے نمونہ دستخط کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)، اجلاس کے وقت پیش کرنا لازم ہوگا۔

(ب) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز، پراکسی مقرر کرتے وقت، درج ذیل مقررہ ہدایات پر عمل کریں گے:

i۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط ہونا لازم ہیں، اور ان کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج کیے جائیں گے۔

ii۔ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائیں گی۔

iii۔ پراکسی، اجلاسِ عام کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنے کا پابند ہوگا۔

iv۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی (نمونہ دستخط کے ساتھ) اور اس شخص کے درست قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل، جو کارپوریٹ ادارے کی جانب سے نمائندگی اور ووٹنگ کے لیے نامزد ہو، پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کروانا لازم ہوگا۔

v۔ خالی پراکسی فارم اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

**3۔ پتہ میں تبدیلی**

جن اراکین کے حصص فزیکل صورت میں ہیں، ان سے گزارش ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو مطلع کریں۔ جبکہ وہ اراکین جن کے حصص سی ڈی سی اکاؤنٹ میں ہیں، وہ اپنے متعلقہ سی ڈی ایس پارٹیسپنٹ / بروکر / انویسٹر اکاؤنٹس سروسز سے رابطہ کریں۔

**4۔ انکم ٹیکس کی کٹوتی**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 (آرڈیننس) کی دفعہ 150 کے تحت کمپنیوں کی جانب سے ادا کیے جانے والے منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لیے مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ موجودہ شرحیں درج ذیل ہیں:

(الف) وہ افراد جن کے نام ایکٹیو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں شامل ہیں: 15%

(ب) وہ افراد جن کے نام ایکٹیو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہیں: 30%

تمام وہ شیئر ہولڈرز جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر موجود ایکٹیو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں درج نہیں ہیں، اگرچہ وہ فائلر ہی کیوں نہ ہوں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ منافع کی ادائیگی کی تاریخ سے قبل اپنے نام ATL میں شامل ہونے کی تصدیق کرلیں۔ بصورتِ دیگر ان کے منافع پر 15% کے بجائے 30% ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جن کے حصص CDC اکاؤنٹ میں موجود ہیں، وہ اپنے متعلقہ شرکاء کے پاس اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپڈیٹ کروائیں۔ جبکہ وہ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جو فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس رکھتے ہیں، وہ اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار، ''سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ'' کو ارسال کریں۔

حصص یافتگان NTN یا NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور اپنا متعلقہ فولیو نمبر لازماً درج کریں۔

آرڈیننس کے سیکنڈ شیڈول کے حصہ چہارم کی شق 47B کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس سے استثناء حاصل کرنے کے لیے FBR کی وضاحت کے مطابق، آرڈیننس کی دفعہ 159 کے تحت جاری کردہ کارآمد استثنائی سرٹیفکیٹ کا ہونا لازمی ہے۔ جو حصص یافتگان مذکورہ شق کے تحت استثناء کے اہل ہیں، وہ اپنا کارآمد ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں، بصورت دیگر ان کے منافع پر آرڈیننس کی دفعہ 150 کے مطابق مقررہ شرح سے ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

مشترکہ طور پر حصص رکھنے والے حصص یافتگان کے بارے میں FBR کی وضاحت کے مطابق، ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین اصل (Principal) شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے فائلر یا نان فائلر اسٹیٹس کی بنیاد پر، ان کے حصص کے تناسب کے مطابق علیحدہ علیحدہ کیا جائے گا۔ لہٰذا تمام جوائنٹ شیئر رکھنے والے حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اپنے زیرِ ملکیت حصص کے حوالے سے اصل اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے حصص کا تناسب تحریری طور پر شیئر رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کو فراہم کریں۔

| اصل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈرز | |
|---|---|---|---|
| نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ میں حصہ (شیئرز کی تعداد) | نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ میں حصہ (شیئرز کی تعداد) |

**5۔ الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت کسی بھی لسٹڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے حصص یافتگان کو نقد منافع صرف الیکٹرانک طریقے کے ذریعے، براہِ راست ان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کرے۔

منافع براہِ راست بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لیے تمام شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنا بینک مینڈیٹ فراہم کریں، جس میں درج ذیل تفصیلات واضح طور پر شامل ہوں: اکاؤنٹ کا عنوان، اکاؤنٹ نمبر، بینک کا نام، برانچ کا نام اور کوڈ آئی بین (IBAN)۔ اگر آئی بین (IBAN) اور متعلقہ تفصیلات موصول نہ ہوں یا غلط فراہم کی جائیں، یا قومی شناختی کارڈ کی معلومات دستیاب نہ ہوں تو کمپنی کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے مطابق ایسے حصص یافتگان کا نقد منافع روکنے کی مجاز ہوگی۔

وہ شیئر ہولڈرز جو فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس رکھتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ سی ڈی سی اکاؤنٹ کھلوائیں اور اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں منتقل کروائیں۔ مطلوبہ معلومات باقاعدہ دستخط کے ساتھ اور قومی شناختی کارڈ کی نقل ''سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ'' کو ارسال کریں۔

**6۔ زکوٰۃ ڈیکلریشن**

کمپنی کے معزز اراکین سے گزارش ہے کہ جہاں ضرورت ہو، وہ زکوٰۃ و عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق زکوٰۃ سے استثناء کا ڈیکلریشن فارم اپنے شیئر رجسٹرار ''سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ'' کو جمع کروادیں۔

**7۔ ویڈیو کانفرنسنگ سہولت کے ذریعے شرکت**

شیئر ہولڈرز، سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں ویڈیو لنک کے ذریعے بھی شرکت کرسکتے ہیں۔ وہ اراکین جو ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہوں، ان سے گزارش ہے کہ وہ اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل اپنی رجسٹریشن کے لیے درج ذیل تفصیلات اور قومی شناختی کارڈ کی دونوں جانب کی واضح نقل کے ہمراہ company.secretary@pakqatar.com.pk پر کمپنی سیکریٹری کو ارسال کریں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

جو اراکین مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ کرلیے جائیں گے، انہیں کمپنی کی جانب سے ای میل کے ذریعے پاس ورڈ سے محفوظ ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ مذکورہ لنک اجلاس کے دن صبح 10:45 بجے سے اجلاس کے اختتام تک فعال (اوپن) رہے گا۔

**8۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، اراکین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ خصوصی کارروائی کے زمرے میں آنے والے تمام معاملات پر الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے اپنا حقِ رائے دہی استعمال کریں۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ان اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست قومی شناختی کارڈ نمبرز، موبائل نمبرز اور ای میل ایڈریس 23 اپریل 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے ریکارڈ میں موجود ہوں گے۔

ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات اور پاس ورڈ اراکین کو ای میل کے ذریعے ارسال کیے جائیں گے۔ سیکیورٹی کوڈز اراکین کو سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ویب پورٹل کی طرف سے (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کی حیثیت سے) بذریعہ SMS فراہم کیے جائیں گے۔

ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ کاسٹ کرنے کے خواہشمند شیئر ہولڈرز کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کے لیے تصدیقی عمل کے ذریعے کی جائے گی۔

ای ووٹنگ کی سہولت 27 اپریل 2026 کو صبح 9:00 بجے شروع ہوگی اور 29 اپریل 2026 کو شام 5:00 بجے بند کردی جائے گی۔ اراکین اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کرسکتے ہیں۔ ایک مرتبہ ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**9۔ تحائف کی ممانعت**

معزز اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 185 اور ایس ای سی پی کے ایس آر او 2025/(I)452 مؤرخہ 17 مارچ 2025 کے مطابق، کمپنیوں کو عام اجلاسوں کے موقع پر یا ان کے سلسلے میں حصص یافتگان کو تحائف، کوپن، ٹوکن یا اس نوعیت کی دیگر اشیاء سمیت کسی قسم کا تحفہ یا ترغیب فراہم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**10۔ حتمی حقیقی ملکیت سے متعلق نوٹس**

کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کی دفعہ 123A اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 (ریگولیشنز) کے ریگولیشن 48A کے مطابق، ہر کمپنی پر لازم ہے کہ وہ اپنے حتمی حقیقی مالکان کی شناخت اور ان سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے معقول اقدامات کرے۔

مذکورہ بالا ریگولیشنز کے تحت مقررہ طریقہ کار کے مطابق، کوئی بھی شیئر ہولڈر جو حتمی حقیقی مالک (UBO) کے معیار پر پورا اترتا ہو یعنی جو براہِ راست یا بالواسطہ طور پر کمپنی میں 25% یا اس سے زیادہ حصص یا ووٹنگ پاور رکھتا ہو وہ اپنی مکمل تفصیلات کمپنی کو فراہم کرنے کا پابند ہے۔ ایسے شیئرز ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنا پورا نام، قومی شناختی کارڈ نمبر، فولیو نمبر/ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر، نیز کمپنی یا اس سے منسلک کمپنیوں میں اپنی حصص داری، ووٹنگ پاور یا مفاد کی مکمل تفصیلات ای میل کے ذریعے company.secretary@pakqatar.com.pk پر ارسال کریں۔

**11۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے تحت اراکین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ خصوصی نوعیت کے معاملات پر اپنا ووٹ بذریعہ ڈاک استعمال کرسکیں۔ وہ شیئر ہولڈرز جو اس طریقے سے ووٹ دینا چاہتے ہیں، اس بات کو یقینی بنائیں کہ مکمل طور پر پُر کیا ہوا اور دستخط شدہ منسلکہ بیلٹ پیپر، اپنے درست CNIC کی نقل کے ساتھ، بذریعہ ڈاک اجلاس کے چیئرمین تک کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر 29 اپریل 2026 تک پہنچ جائے۔ کمپنی کا رجسٹرڈ پتہ درج ذیل ہے: پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ، سوئٹ نمبر: 105-102، بزنس آرکیڈ، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی۔ متبادل طور پر، بیلٹ پیپر کی اسکین شدہ کاپی کاروباری دنوں میں 29 اپریل 2026 تک یا اس سے پہلے اس ای میل ایڈریس company.secretary@pakqatar.com.pk پر بھی بھیجی جاسکتی ہے۔ بیلٹ پیپر پر موجود دستخط کا قومی شناختی کارڈ کے دستخط کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت اہم حقائق کا بیان**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 5**

پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے 8 اپریل 2026 کو منعقدہ اجلاس میں، اجلاس عام میں شیئرز ہولڈرز کی منظوری سے مشروط، یہ سفارش کی ہے کہ کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، بمع ڈائریکٹرز کی رپورٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور سالانہ رپورٹ کا حصہ بننے والی دیگر دستاویزات، QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کیے جائیں۔

یہ تجویز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او نمبر 2023(1)/389 مؤرخہ 21 مارچ 2023 کے تحت دی گئی اجازت کے مطابق ہے، جو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات (6)223، (7)223 اور (1)510 کے تحت جاری کیا گیا ہے۔ مذکورہ ایس آر او کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں کو مقررہ شرائط کی تکمیل کے ساتھ اپنے اراکین کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے فراہم کرنے کی اجازت ہے۔

لہٰذا سالانہ اجلاس عام کا نوٹس اراکین کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کیا جائے گا، جس میں QR کوڈ اور متعلقہ ویب لنک شامل ہوگا، جس کے ذریعے اراکین سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور متعلقہ دستاویزات کو ملاحظہ اور ڈاؤن لوڈ کرسکیں گے۔

نیز مذکورہ SECP نوٹیفکیشن کے مطابق، کمپنی ان اراکین کو جنہوں نے اپنا ای میل ایڈریس کمپنی کو فراہم کیا ہوا ہے، سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ای میل کے ذریعے ارسال کرے گی اور اس مقصد کے لیے علیحدہ رضامندی درکار نہیں ہوگی۔

تاہم، مندرجہ بالا کے باوجود، کمپنی کسی بھی شیئر ہولڈر کی درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتے کے اندر، اس کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور متعلقہ دستاویزات کا مکمل سیٹ بلا معاوضہ ہارڈ کاپی کی صورت میں ارسال کرے گی۔ اس ضمن میں درخواست ای میل کے ذریعے company.secretary@pakqatar.com.pk پر جمع کروائی جاسکتی ہے۔

ٹیکنالوجی میں پیش رفت اور پرانے ذرائع کے متروک ہونے کے پیشِ نظر، سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کی ترسیل CD/DVD/USB کے ذریعے بند کردی جائے گی۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کا خیال ہے کہ مجوزہ طریق ترسیل سے انتظامی کارکردگی میں بہتری آئے گی، معلومات تک بروقت رسائی ممکن ہوگی، ماحولیاتی اثرات میں کمی واقع ہوگی اور یہ کمپنی اور اس کے حصص یافتگان کے بہترین مفاد میں ہے۔

کمپنی کے سالانہ حسابات ملاحظہ کرنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ذیل میں لنک فراہم کیا جارہا ہے:

- ویب لنک https://pqftl.com.pk/annual-report/
- کیو آر کوڈ

**ایجنڈا آئٹم نمبر 6**

چونکہ پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ اب پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ میں لسٹ ہوچکی ہے، اس لیے کمپنی کے میمورنڈم و آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم ضروری ہے تاکہ انہیں کمپنیز ایکٹ 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی متعلقہ و قابل اطلاق دفعات سے ہم آہنگ کیا جاسکے۔

اسی تناظر میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں درج ذیل دو ترامیم تجویز کی ہیں:

1۔ جنرل میٹنگ کے کورم سے متعلق ترمیم، تاکہ اسے کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت لسٹڈ کمپنی کے لیے مقررہ کم از کم کورم کی شرائط کے مطابق بنایا جاسکے؛ اور

2۔ ڈائریکٹرز کی کم از کم تعداد سے متعلق ترمیم، تاکہ کمپنیز ایکٹ 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے تحت عائد کردہ گورننس تقاضوں کی مکمل تعمیل یقینی بنائی جاسکے۔

مجوزہ ترامیم کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے تقاضوں کے مطابق خصوصی قراردادوں کے ذریعے منظوری کے لیے اراکین کے سامنے پیش کیا جارہا ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی رائے ہے کہ مذکورہ ترامیم قانونی تقاضوں کی تکمیل کے لیے ناگزیر ہیں اور کمپنی اور اس کے شیئرز ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہیں۔

## بیلٹ پیپر برائے ووٹنگ بذریعہ پوسٹ

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر/ جوائنٹ شیئر ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| شیئرز کی تعداد اور فولیو نمبر | |
| قومی شناختی کارڈ نمبر (کاپی منسلک کیجیے) | |
| | |
| اضافی معلومات اور منسلکات (کسی کارپوریٹ باڈی، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |

1. براہِ کرم متعلقہ خانے میں ( ✓ ) کا نشان لگا کر اپنا ووٹ ظاہر کریں۔
2. اگر دونوں خانوں میں ( ✓ ) کا نشان لگایا گیا تو آپ کا ووٹ ''مسترد'' تصور کیا جائے گا۔
3. میں/ہم بذریعہ پوسٹل بیلٹ درج ذیل قرارداد/قراردادوں کے بارے میں اپنا/ہمارا ووٹ استعمال کرتے ہوئے، نیچے دیے گئے متعلقہ خانے میں ( ✓ ) کا نشان لگا کر اپنی/ہماری موافقت/عدم موافقت کا اظہار کرتے ہیں۔

| نمبر شمار | قرارداد کی نوعیت اور وضاحت | عام شیئرز کی تعداد جن کے لیے ووٹ دیا جارہا ہے | میں/ہم قرارداد کے حق میں ہیں | میں/ہم قرارداد کے خلاف ہیں |
|---|---|---|---|---|
| 1 | **ایجنڈا آئٹم نمبر 5**<br>(الف)۔ **یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** کمپنیز ایکٹ، 2017 اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن ایس آر او 2023/(I)389 مؤرخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق، **شیئر ہولڈرز کی منظوری** سے کمپنی کو یہ اجازت دی جائے کہ وہ اپنی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی رپورٹ، بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس، تمام شیئر ہولڈرز کو مطبوعہ نقول بھیجنے کے بجائے QR کوڈ اور ویب سائٹ لنک کے ذریعے فراہم کرے۔''<br>(ب)۔ ''**مزید یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** کمپنی سیکریٹری کو اس قرارداد پر عمل درآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات، افعال اور کارروائیاں کرنے کا مکمل اختیار دیا جاتا ہے۔'' | | | |
| 2 | **ایجنڈا آئٹم نمبر 6**<br>**یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 51 مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ تبدیل کیا جائے:<br>''اجلاس عام کے لیے کورم دس اراکین پر مشتمل ہوگا، جو ذاتی طور پر یا ویڈیو لنک کے ذریعے موجود ہوں اور جو مجموعی ووٹنگ پاور کے کم از کم 25 فیصد کی نمائندگی کرتے ہوں، خواہ وہ بذاتِ خود ہوں یا بطور پراکسی۔'' | | | |
| 3 | **ایجنڈا آئٹم نمبر 6**<br>**یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 72 مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ تبدیل کیا جائے:<br>''کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات کے مطابق منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات سے کم نہیں ہوگی۔'' | | | |

______________________

شیئر ہولڈر/ ہولڈرز کے دستخط

مقام:

تاریخ:

**ہدایات**

1. مکمل طور پر پُر شدہ بیلٹ پیپر میٹنگ کے چیئرمین کو بذریعہ ڈاک اس پتے پر بھیجا جائے: سوئٹ نمبر: 105-101، بزنس آرکیڈ، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی یا بذریعہ ای میل اس ایڈریس company.secretary@pakqatar.com.pk پر بھی ارسال کیا جاسکتا ہے۔
2. پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ قومی شناختی کارڈ/ (یا غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پاسپورٹ کی نقل منسلک کرنا ضروری ہے۔
3. بیلٹ پیپر، 29 اپریل 2026 بروز بدھ تک یا اس سے پہلے کاروباری اوقات کے دوران چیئرمین تک پہنچ جانا ضروری ہے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قابلِ قبول نہیں ہوگا۔
4. بیلٹ پیپر پر کیے گئے دستخط قومی شناختی کارڈ/ (یا غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پاسپورٹ پر موجود دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں۔
5. نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، خراب شدہ، پھٹا ہوا، کٹا پھٹا، یا اوور رائٹنگ والا بیلٹ پیپر مسترد کردیا جائے گا۔
6. اگر بیلٹ کسی کمپنی، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی جانب سے جمع کروایا جارہا ہو تو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 138 یا 139 (جیسا کہ قابل اطلاق ہو) کے مطابق بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ مجاز شخص کے قومی شناختی کارڈ کی نقل، بورڈ ریزولوشن کی تصدیق شدہ نقل، پاور آف اٹارنی، اتھارٹی لیٹر وغیرہ منسلک کرنا ضروری ہوگا۔
7. بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://pqftl.com.pk/notice-and-certificate/ پر بھی دستیاب ہے۔ اراکین کمپنی کی ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ بھی کرسکتے ہیں۔